سوال

(512) داڑھی کو رنگنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا آدمی اپنی داڑھی سفید رکھ سکتا ہے یا کہ وہ کالی کرے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : داڑھی کو رنگنا بہتر ہے سفید داڑھی سے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سفید داڑھی رنگنا صرف مستحب ہے واجب نہیں حافظ ابن حجر رحمة اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔

«وحصله ان من جزم انه خضب کما فی ظاهر حدیث ام سلمة وکما فی حدیث ابن عمر الماضی قریبا انه صلی اللہ علیه وسلم خضب بالصفرة حکی ماشهده وذلک فی بعض الاحیان ومن نفی ذلک کانس فهو محمول علی الاکثر الاغلب من حاله» (فتح الباري 10/345)

(حاصل اس کا یہ ہے کہ بعض دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زرد رنگ کے ساتھ اپنی داڑھی کو رنگا ہے جس طرح کہ ام سلمہ اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی احادیث میں ہے اور اکثر واغلب احوال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی داڑھی کو اصلی حالت پر چھوڑا ہے جس طرح کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے (یعنی رنگا نہیں)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص806

محدث فتویٰ